بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۳/۲۰۱۸ مورخہ۱۵/اکتوبر ۲۰۱۸

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان،کوئٹہ۔

موضوع = قرارداد نمبر۳ منجانب ثناء بلوچ۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۴/اکتوبر ۲۰۱۸ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر۳ منجانب ثناء بلوچ، رکن اسمبلی بمراد اطلاع وکارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے نیز قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی ۱۹۷۴ء کے قاعدہ نمبر (۲) ۱۱۴ کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو دو ماہ کے اندر مطلع فرمائیں۔

قرارداد۔

ہرگاہ کہ اٹھارویں آئینی ترمیم کے بعد سیندک گولڈ اینڈ کاپر پراجیکٹ کا مکمل کنٹرول/انتظام، انصرام، توثیق ودیگر امور وفاقی حکومت کے پاس ہیں جس کی وجہ سے صوبہ کے عوام میں احساس محرومی اور بے چینی کا پایا جانا ایک فطری عمل ہے

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ سیندک گولڈ اینڈ کاپر پراجیکٹ کا مکمل کنٹرول/انتظام، انصرام وتوثیق اور دیگر معاملات صوبہ کے حوالے کرنے کو یقینی بنائے تاکہ صوبہ کے عوام میں پائی جانیوالی احساس محرومی وبے چینی کے خاتمہ کا ازالہ ممکن ہوسکے۔

(شمس الدین)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت ثناء بلوچ رکن اسمبلی/محرک قرارداد۔
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) پرنسپل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) سیکرٹری وزارت پیٹرولیم وقدرتی وسائل، حکومت پاکستان پاک سیکرٹریٹ، اسلام آباد
۷) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) سیکرٹری قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) سیکرٹری معدنیات، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفرآباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

〈 قادر بخش شاھوانی 〉

نائب معتمد، (سوالات)